سوال

(340)رخصتی سے قبل وفات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کا کسی شخص سے نکاح ہوا، لیکن ابھی رخصتی نہیں ہوئی تھی کہ وہ فوت ہوگئی، اس کے کچھ زیوارت ہیں جو خاوند نے اسے بطورحق مہر دیئے تھے، کیا اس کے ترکہ سے خاوند کوحصہ ملے گا یا نہیں؟ کتاب وسنت کی روشنی میں وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کسی عورت کا نکاح ہوجاتا ہے تو وہ بیوی بن جاتی ہے خواہ اس کی رخصتی نہ ہوئی ہو، اس کے لئے بیوی کے حقوق ثابت ہوجاتے ہیں، اسی طرح جس سے نکاح ہوا ہے وہ اس کا خاوند بن جاتا ہے۔ ایسے حالات میں اگر کوئی فوت ہوجائے تو ایک کو دوسرے کا وارث بنایا جائے گا۔ صورت مسؤلہ میں خاوند نے جو زیورات بطورحق مہر دیئے ہیں، ان میں سے نصف کا حقدار اس کا خاوند ہے اگرچہ رخصتی نہیں ہوئی، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

’’تمہاری بیویاں جو مریں اور ان کی اولاد نہ ہو تو تمہارے لئے ان کے ترکہ سے نصف ہے۔‘‘[1]

اگر مرنے والی لڑکی کا کوئی وارث ہے تو باقی ماندہ مال اسے دیا جائے گا، بصورت دیگر اسے بیت المال میں جمع کرا دیا جائے کیونکہ جس مال کا کوئی معین مالک نہ ہو، اسے بیت المال میں جمع کرادیا جاتا ہے۔ (واللہ اعلم)

---

[1] النساء:۱۲۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث